BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

## برامپٹن میں ای سکوٹر پائلٹ پروگرام کا آغاز کر دیا گیا ہے

***یہ پروگرام نقل و حرکت کے مکمل اور فعال نیٹ ورک کی تعمیر اور کمیونٹیز کو آپس میں جوڑنے میں بھرپور کردار ادا کرے گا***

برامپٹن، آن (6 اپریل 2023) - سٹی آف برامپٹن، نیوران موبیلٹی (Neuron Mobility)، برڈ کینیڈا (Bird Canada) اور اسکوٹی موبیلیٹی (Scooty Mobility) کے ساتھ شراکت داری میں، برامپٹن میں اپنا پہلا ای اسکوٹر پروگرام شروع کر رہا ہے۔

پورے سٹی آف برامپٹن میں عوام کے استعمال کے لیے 750 تک اسکوٹر دستیاب ہوں گے۔

صارفین کسی بھی مقفل شدہ ای اسکوٹر کے پاس جا کر، QR کوڈ کو اسکین کرتے ہوئے اس کی ایپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں اور وینڈر کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے اسے غیر مقفل کر کے اس پر اپنا سفر شروع کر سکتے ہیں، جس کی مدد سے ہمارے رہائشی نقل و حرکت کے ایک اور ماحول دوست اور فعال ذریعہ کا لطف اٹھا سکیں گے۔ ای سکوٹرز کو سڑکوں پر 50 کلومیٹر فی گھنٹہ یا اس سے کم رفتار پر، سائیکل لین اور کثیر استعمال کی سڑکوں پر استعمال کیا جا سکے گا، جس کی زیادہ سے زیادہ رفتار کو بعض مقامات پر جیو فینسنگ کے ذریعے 20 کلومیٹر فی گھنٹہ تک یا 15 کلومیٹر فی گھنٹہ تک کم کر دیا جائے گا۔ یہ فٹ پاتھوں پر استعمال کے لیے موزوں نہیں ہیں۔ اگر کسی ای سکوٹر کو کسی غیر منظور شدہ مقام پر لے جانے کی کوشش کی جائے گی، تو یہ خود بخود بند ہو جائے گا اور سواری کو نوٹیفیکیشن موصول ہو گا کہ وہ اسے صرف اجازت شدہ علاقے میں ہی استعمال کر سکتے ہیں۔

سٹی آف برامپٹن باہمی طور پر زیادہ مربوط کمیونٹیز کی تعمیر کے لیے نقل و حرکت کے فعال پروگراموں اور منصوبوں کو ترجیح دے رہا ہے اور بہترین سڑکوں کے ساتھ باہمی طور پر مربوط نقل و حرکت کے نیٹ ورک کی تعمیر کے لیے کوشاں ہے۔

جنوری 2021 میں، صوبے نے ایک پانچ سالہ الیکٹرک کِک سکوٹر پائلٹ پروجیکٹ شروع کیا تھا، جس سے میونسپلٹیز کو ای اسکوٹرز کے استعمال کو ریگولیٹ کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔ نقل و حرکت کے ایک فعال کردار کے طور پر، ای سکوٹر پروگرام برامپٹن کے پورے ڈاؤن ٹاؤن اور پڑوسی علاقوں میں اپنے رہائشیوں کو کمیونٹیز، سروسز اور کاروباروں سے مربوط کر دے گا۔

ایکٹیو ٹرانسپورٹیشن کا یہ منصوبہ گاڑی میں ایک ہی شخص کے سفر کرنے کی مجبوری، باہمی طور پر مربوط کمیونٹیز کی تشکیل اور صحت عامہ کے مسائل کو حل کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ سٹی آف برامپٹن کی جانب سے نقل و حرکت کے ایک جامع اور فعال نیٹ ورک بنانے کے عزم کو عملی جامہ پہنانے میں ای اسکوٹر پروگرام انتہائی اہم کردار ادا کرے گا۔

ایکٹیو ٹرانسپورٹیشن ماسٹر پلان (ATMP) برامپٹن کے 2040 کے وژن کی معاونت کرنے کے لیے ایسے نیٹ ورک پلان، پالیسیاں اور پروگرام پیش کرتا ہے جو کہ ایک محفوظ اور باہمی طور پر مربوط نقل و حرکت کے ذریعے کے انتخاب اور نئے طریقوں کے امتزاج سے، ہمارے شہر کو ماحول دوست بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے اور پیدل چلنے، سائیکل چلانے اور نقل و حرکت کے بہترین عوامی ذرائع کے فروغ پر زور دیتا ہے۔

سٹی escooters@brampton.ca کے ذریعے شہریوں کے تاثرات کی نگرانی کرے گا۔ مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/escooters ملاحظہ کریں۔

**اہم لنکس:**

- برڈ مائیکرو الیکٹرک موبیلٹی: الیکٹرک بائیکس اینڈ اسکوٹرز فار سٹیز
- نیورون موبیلٹی: سیفٹی لیڈنگ ای سکوٹر اینڈ ای بائیک آپریٹر (rideneuron.com)
- اسکوٹی | رائیڈ شیئرنگ، الیکٹرک سکوٹرز، الیکٹرک بائیکس، اسسریز سٹور (ridescooty.com)
- سٹی آف برامپٹن سائیکلنگ اور ٹریلز کا نقشہ

**اقتباسات**

"نقل و حرکت کے قابل رسائی اور فعال اختیارات پیش کرنا سٹی کے لیے ایک اہم ترجیح ہے اور یہ پائلٹ پروگرام ان میں سے صرف ایک طریقہ ہے جسے ہم عملی جامہ پہنا رہے ہیں۔ برامپٹن کے رہائشیوں اور مہمانوں کے لیے مواقع کو بڑھانے کے لیے اپنے پارٹنرز کے ساتھ مل کر کام کرنے پر ہمیں خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ ہم لوگوں کو ایسے مقامات اور جگہوں سے جوڑ رہے ہیں جو ہمارے شہر کو ناقابل یقین حد تک شاندار بناتی ہیں اور ہماری کمیونٹی میں ایک مضبوط احساس ملکیت پیدا کرتی ہیں۔"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"اسکوٹی کو یہ اعلان کرتے ہوئے بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ ہماری ای اسکوٹر سروس اب سٹی آف برامپٹن میں بھی دستیاب ہو گی۔ اسکوٹی کو برامپٹن میں قائم ایک مائیکرو موبیلیٹی کمپنی ہونے پر فخر ہے جو ای سکوٹر انڈسٹری میں کینیڈا کو ایک لاجواب اور منفرد حیثیت پر لے کر جا رہی ہے۔ ہم نے 2019 میں سٹی آف برامپٹن میں شراکت پر مبنی مائیکرو موبلٹی کا اپنا تصور لایا تھا اور 2020 میں سٹی کے ساتھ مل کر اپنا پہلا پائلٹ چلایا تھا۔ رہائشیوں اور وزیٹرز کے آنے جانے اور سفر کرنے کے طریقے کو تبدیل کرنے کے اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لیے سکوٹی برامپٹن میں اپنی خدمات پیش کر رہی ہے۔ برامپٹن میں نقل و حرکت کا مستقبل کثیر جہتی ہے اور ہم آپ کے لیے آپ کے سفر کو آسان تر بنانے کے لیے حاضر خدمت ہیں۔"

*- شعیب احمد، بانی اور سی ای او، اسکوٹی*

"جب سے ہم نے پہلی بار برڈ کو کینیڈا میں متعارف کروایا ہے، ہم نے بہت سے لوگوں کو اپنے شہروں میں گھومنے پھرنے کے لیے اس قابل بھروسہ، سستے اور ماحول دوست طریقے کے طور پر ای سکوٹر کو اپناتے ہوئے دیکھا ہے؛ برامپٹن ایک متحرک کمیونٹی ہے اور ہمیں اس مشترکہ مائیکرو موبلٹی پروگرام کا حصہ بننے پر فخر ہے۔ ہم برامپٹن کے تمام قائدین کے مشکور ہیں کہ انہوں نے اس سارے عمل کے دوران ہمارے ساتھ بامعنی طور پر مل کر کام کیا ہے اور بھرپور تعاون کا مظاہرہ ہے۔"

*- سٹیورٹ لیونز، پریزیڈینٹ، برڈ*

"ہم محفوظ، اسمارٹ اور ماحول دوست سفری اختیارات تک زیادہ رسائی فراہم کرتے ہوئے اپنی کمیونٹی پر مثبت اثر ڈالنے کے لیے سٹی آف برامپٹن کے ساتھ شراکت داری کے لیے پُرجوش ہیں۔ نیوران کے لیے حفاظت ایک اولین ترجیح ہے اور اس کی عکاسی ہمارے ای اسکوٹر کے ڈیزائن اور اس کو چلانے کے طریقے میں دیکھی جا سکتی ہے۔ ہمارے ای سکوٹرز جدید حفاظتی خصوصیات سے مزین ہیں اور ہم دوسرے شہروں کے تجربے سے جانتے ہیں کہ ہمارے سوار واقعی اس کی تعریف کرتے ہیں۔ شہر میں ای سکوٹرز کے نئے ہونے کی وجہ سے بہت سے سواروں کے لیے یہ ایک نیا تجربہ ہو سکتا ہے، اس لیے ہم سواری پر حفاظتی اصولوں پر عمل درآمد کرنے پر زور دیتے ہیں۔ مستقبل کے اپنے سواروں کے لیے مفت کریڈٹ وصول کرنے کے لیے ہم رائیڈرز کا خیرمقدم کرتے ہیں کہ وہ ہماری آن لائن ScootSafe اکیڈمی بھی وزٹ کریں۔ ہم تمام سواروں کو یہ بھی یاد دلانا چاہتے ہیں کہ وہ کبھی بھی شراب نوشی کے بعد سواری نہ کریں، ای اسکوٹر کو ذمہ داری سے پارک کریں اور ہمارے ای اسکوٹرز پر فراہم کردہ ہیلمٹ سے خود کو محفوظ رکھیں۔"

*- انکش کروال، نیوران موبلٹی میں کینیڈا کے لیے مارکیٹ کے سربراہ*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca